# 103 (New Syllabus)

III

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No.

## Part - II
## URDU, Paper - I
(Second Language)

*Time : 3 Hours ]* *[ Max. Marks : 100*

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشانات محاذی درج ہیں۔

.1 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے : $2 \times 3 = 6$

(1) جس سر کو غرور آج ہے یاں تاجوری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

(2) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

(3) طبیعت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں
ہم ایسے میں تیری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

(4) لے سانس بھی آہستا کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہہٗ شیشہ گری کا

.2 متن کے حوالے سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجئے۔ $2 \times 5 = 10$

(1) ''وہ ان کا ہاتھ پکڑتی تھی، اس کی رہنمائی سے وہ لوگ گوشۂ قناعت میں جا بیٹھے تھے۔''

(2) ''اگر آپ کو پسند ہے تو یہی حاضر ہے مرزا نے کہا جی تو یہی چاہتا ہے کہ آپ سے چھین کر پہن لوں۔''

(3) ''بیرسٹر ماموں کئی سال ولایت میں رہے تھے، سوٹ پہنتے تھے۔''

(4) ''جب ماں مرتی ہے تو ماں نہیں مرتی، بہن کے وجود میں زندہ رہتی ہے۔''

3. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : 1 × 8 = 8

(1) ایک پہاڑ اور گلہری

(2) اے شریف انسانو!

4. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے : 1 × 8 = 8

(1) باغ امید کے دو دروازے کا خلاصہ لکھیے۔

(2) مرزا غالبؔ کے عادات و خیالات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

5. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے : 1 × 8 = 8

(1) مضمون ''ہمدردی'' کا خلاصہ لکھیے۔

(2) مضمون ''مولانا ابوالکلام آزادؔ'' کے حوالے سے مولانا آزاد کی شخصیت کے اہم پہلوؤں کو تحریر کیجیے۔

6. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات دیجیے : 2 × 5 = 10

(1) غالبؔ کے حالاتِ زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔

(2) علامہ اقبالؔ کا تعارف اپنے الفاظ میں کرائیے۔

(3) فراقؔ کی شاعرانہ عظمت پر نوٹ لکھیے۔

(4) ساحر لدھیانوی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھیے۔

7. مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات لکھیے : 5 × 1 = 5

(1) علامہ اقبالؔ کو انگریزوں کی جانب سے کونسا خطاب دیا گیا ؟

(2) نظم ''اے شریف انسانو!'' کس شاعر کی ہے ؟

(3) محمد قلی قطب شاہ کی پیدائش کہاں ہوئی ہے ؟

(4) ساحر لدھیانوی کی وفات کب ہوئی ؟

(5) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کسے کہا جاتا ہے ؟

8. خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے: $5 \times 1 = 5$

(1) جاوید صاحب جامعہ ________ میں اُستاد رہے۔

(2) ''امریکہ میرے عینک سے'' ________ کا سفرنامہ ہے۔

(3) رضیہ سجاد ظہیر ________ شہر میں پیدا ہوئیں۔

(4) ''ارہر کا کھیت'' ________ کا مضمون ہے۔

(5) ''خاندانِ تیموریہ'' کی تاریخ فارسی زبان میں ________ نے لکھی۔

9. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے: $5 \times 1 = 5$

ویسے بیرسٹر ماموں کو فخرو سے محبت بہت تھی اور کیوں نہ ہوتی ؟ یوں تو وہ عمر میں اُن سے بڑا تھا، پر آخر انہوں نے ہی تو اسکو جانور سے آدمی بنایا تھا۔ یہ بات اور تھی کہ اب فخرو کے بغیر ان کا کوئی کام نہیں ہو سکتا تھا۔ اتنا ست اتنا زیادہ کام کرنے والا اور ایسا خیر خواہ نوکر نہیں مل سکتا تھا۔

(1) بیرسٹر ماموں کو کس سے محبت تھی ؟

(2) کون عمر میں کس سے بڑا تھا ؟

(3) بیرسٹر ماموں نے فخرو کو جانور سے کیا بنایا تھا ؟

(4) کس کے بغیر بیرسٹر ماموں کا کوئی کام نہیں ہو سکتا تھا ؟

(5) کس طرح کا نوکر بیرسٹر ماموں کو نہیں مل سکتا تھا ؟

10. ذیل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی درج کیجئے: $5 \times 1 = 5$

(1) تخلص (2) اسمِ جمع (3) علَم

(4) اسمِ عام (5) اسمِ خاص

11. صفت کی تعریف کرتے ہوئے اس کی قسموں کے نام بتایئے۔ $1 \times 5 = 5$

P.T.O.

**12.** ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کریں : **5 × 1 = 5**

(1) نور سمجھدار لڑکا ہے۔

(2) ہمالیہ دنیا کا بلندترین پہاڑ ہے۔

(3) گلاب کی خوبصورتی سے ہر کوئی متاثر ہوتا ہے۔

(4) محنتی لوگ ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں۔

(5) دنیا کی بہترین دولت نیک عورت ہے۔

**13.** کوئی پانچ الفاظ کی ضد لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) روشنی (2) گرم (3) طاقت ور (4) صبح (5) رات

(6) آسمان (7) آگ (8) جدید (9) عروج (10) شکست

**14.** ذیل میں سے کسی پانچ کے واحد یا جمع لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) کتب (2) سبق (3) فکر (4) مضمون (5) خاتون

(6) صاحب (7) فرد (8) دور (9) قدر (10) خواہش

**15.** ذیل میں سے پانچ کے واحد یا جمع لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) مالی (2) دادا (3) راجہ (4) بھائی (5) دھوبی

(6) والدہ (7) نوکرانی (8) مامی (9) لڑکی (10) عورت

**16.** انگریزی الفاظ کا اُردو ترجمہ کیجئے : **5 × 1 = 5**

(1) Poet (2) Nature (3) Face (4) Control (5) Promise

---